ٹاؤن میونسپل کارپوریشن۔ نیو کراچی

شعبہ اطلاعات وتعلقات عامہ

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

پریس ریلیز

نیو کراچی ٹاؤن سیکٹر فائیو ایل میں قائم غیر قانونی نرسری کے خلاف ایکشن۔

چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا غیر قانونی نرسری کے خلاف جاری آپریشن کا معائنہ۔

نرسری کے نیچے دبی ہوئی سیوریج کی مین لائن ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے جس کی تبدیلی کا کام شروع ہو چکا ہے۔چیئرمین محمد یوسف

الحمداللہ خدمت کا یہ سفر جاری ہے جس اعتماد کا اظہار عوام نے جماعت اسلامی کے نمائندوں پر کیا ہے اسے مجروع نہیں ہونے دیں گے۔محمد یوسف

مورخہ: یکم نومبر 2024ء

کراچی( )نیو کراچی ٹاؤن سیکٹر فائیو ایل میں قائم غیر قانونی نرسری کے خلاف ایکشن۔چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا غیر قانونی نرسری کے خلاف جاری آپریشن سیوریج لائن کی تبدیلی کے کام کا معائنہ۔اس موقع پر چیئرمین یونین کمیٹی نمبر 05 ڈاکٹر خالد، یوسی 05 وائس چیئرمین عمران فقیر، یوسی کونسلر و اراکین، یونین کمیٹی 09 کے وائس چیئرمین حنظلہ انور قریشی و دیگر یوسی اراکین، واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کے ذمہ داران و ملازمین بھی موجود تھے۔اس موقع پر چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے کہا کہ غیر قانونی نرسری کے نیچے مین سیوریج لائن ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے جس کی وجہ سے سیکٹر فائیو ایل میں سیوریج کے مسائل ہیں آج غیر قانونی نرسری کو ختم کر کے واٹر اینڈ سیوریج بورڈ کے تعاون سے سیوریج لائن کی تبدیلی کا کام شروع ہو چکا ہے اور آئندہ دو سے تین دن میں لائن کی سیوریج لائن کو تبدیل کر دیا جائے گا۔ہم واٹر اینڈ سیوریج بورڈ کارپوریشن کے ذمہ داران کے بے حد شکر گزار ہیں کہ انہوں نے نیو کراچی ٹاؤن میں موجود پانی اور سیوریج کے مسائل کو حل کرنے کے لئے ہمارے ساتھ تعاون کیا اور ٹاؤن انتظامیہ کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں۔منتخب نمائندوں کی کوشش ہے کہ پانی اور سیوریج کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے تاکہ نیو کراچی ٹاؤن کا انفرا اسٹرکچر بہتر حالت میں رہے۔الحمد اللہ نیو کراچی ٹاؤن میں تمام دائروں میں کام چل رہا ہے اور محکمہ اپنے اپنے کاموں مصروف ہے چاہے وہ پارکس و پلے گراؤنڈز کی بحالی ہو یا نیو کراچی ٹاؤن کی سڑکوں کی مرمت و استرکاری ہو اس کے ساتھ ہی نیو کراچی ٹاؤن کے زیر انتظام چلنے والے اسکولوں میں نئے فرنیچر کی فراہمی کے ساتھ اسکولوں کی عمارتوں کی تزین و آرائش کا کام بھی جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ تمام دائروں میں الحمد اللہ خدمت کا یہ سفر جاری ہے اور اللہ نے چاہا تو جس اعتماد کا اظہار عوام نے جماعت اسلامی کے نمائندوں پر کیا ہے اسے مجروع نہیں ہونے دیں گے۔یونین کمیٹی نمبر فائیو کے چیئرمین ڈاکٹر خالد نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ٹاؤن چیئرمین محمد یوسف نے قبضہ مافیا کے خلاف آپریشن کر کے جگہ کو واگزار کرایا ہے اس جگہ سیکٹر 5-L کی مین سیوریج لائن گزر رہی ہے جو برسوں سے خستہ حالی کا شکار ہے اور علاقے کا پورا سیوریج کا نظام متاثر ہے آج الحمد اللہ اس سیوریج لائن کی تبدیلی کا کام شروع ہو چکا ہے جس سے سیکٹر 5-L کا برسوں پرانا سیوریج کا مسئلہ حل ہو جائے گا یوسی کے اراکین اور علاقہ مکین چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن اور ان کی ٹیم کے بے حد مشکور ہیں۔

جاری کردہ:۔

عقیل اختر

پبلک ریلیشن آفیسر

نیو کراچی ٹاؤن